جناب محمد تقی رفیع صاحب

طالبان اور اسامہ بن لادن : انگریزی میڈیا کی نظر میں

طالبان کی مزار شریف کے محاذ پر کامیابی کے بعد سے ایران مستقل طور پر مزار شریف میں اپنے اتحادیوں جنمیں سیکولر کمیونسٹ دوستم بھی شامل تھے انکی ناکامی کے بعد بہت زیادہ پریشانی کا مظاہرہ کررہا ہے ۔ لیکن ایران سے زیادہ سراسیمہ ہمارے پاکستان کے انگریزی اخبارات خصوصاً روزنامہ "ڈان" ہے ۔ یہ اخبارات بلاناغہ حکومت پاکستان پر زور دے رہے ہیں کہ طالبان سے بالکل قطع تعلق کرلینا چاہئیے بصورت دیگر بہت زیادہ خوفناک نتائج برآمد ہونگے ۔ اسامہ بن لادن نے مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ جہاں بھی اور جب بھی انہیں موقع ملے امریکی اہلکاروں اور سول شہریوں کو قتل کردیں ۔ (فرانسیسی خبررساں ایجنسی اے ایف پی ۱۰ اگست ،فرنٹئیر پوسٹ) ۔

() اسامہ بن لادن کی گرفتاری کے مکانات کا جائزہ لینے کیلئے ایف بی آئی اور سی آئی اے کی ایک ٹیم نے (مارچ ،اپریل ۹۸ء میں) پاکستان کا دورہ کیا تھا ۔ (۱۲ اگست .. دی نیشن) ۔ () اسامہ بن لادن نے امریکیوں کے قتل کا کوئی فتویٰ جاری نہیں کیا ۔ ترجمان طالبان ملا عبدالوکیل متوکلی (۱۹ اگست ... فرنٹئیر پوسٹ) ۔ () امریکی ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ ایف بی آئی کے اہلکار پاکستان پہنچ گئے ہیں ۔ (۱۶ اگست ... دی مسلم) ۔ () امریکہ پاکستان سے دہشت گردی کے خاتمے اور ایٹمی ہتھیاروں پر پابندی پر مذاکرات کرے گا ۔ (۲۱ اگست ... دی نیوز) ۔ () کوئی لالچ یا دباؤ طالبان کو مجبور نہیں کرسکتاوہ اسامہ بن لادن کو امریکہ یا پاکستان کی حکومتوں کے حوالے کردے ۔ امیرالمؤمنین ملا عمر (انٹرویو رحیم اللہ، دی نیوز ..۲۰ اگست) ۔ () لندن کے روزنامے "سنڈے ٹائمز" نے الزام لگایا ہے کہ اسامہ بن لادن نے ایک ایجنٹ کو ایٹمی ہتھیاروں کی خریداری کےلئے ۲۰ لاکھ ڈالر دیئے ہیں ۔ (۲۰ اگست .. دی نیشن) ۔ () افغانستان میں اسامہ بن لادن کی گرفتاری کےلئے کوئی بھی امریکی حملہ سوویت یونین کی غلطی کااعادہ ہوگا ۔ جنرل اسلم بیگ (۲۰ اگست .. دی نیشن) ۔

() اسامہ بن لادن کے مسئلہ پر طالبان کی اعلیٰ قیادت کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے ۔ اسمٰعیل خان (۲۰ اگست .. دی نیوز) ۔ () امریکی سفارت خانوں میں دھماکوں کا مبینہ ملزم صادق ہویدا دنیا بھر میں اسامہ بن لادن کے امریکہ کش آپریشن کی تفصیلات بتلانے پر رضامند ہے ۔

بشرطیکہ اسے امریکہ کے حوالے نہ کیا جائے ۔ کامران خان (۱۹ اگست .. دی نیوز)۔ () امریکہ پر اسلامی دہشت گروں اور انتہاپسند اسلامی بنیاد پرستوں نے حملہ کردیا ہے ۔ (۱۹ اگست ... دی نیوز بحوالہ لاس اینجلس ٹائمز)۔ () امریکہ کی یہ سوچ کہ وہ قانون سے بالاتر ہے ۔ اسے بین الاقوامی عدم سلامتی کا مجرم بنادے گی ۔ ولیم پفاف (۲۰ اگست .. ڈان)۔ () ہم بین الاقوامی عدالت جرم کو جوابدہ نہیں ۔ کیونکہ ہم سپرپاور ہیں ۔ امریکی موقف (ولیم پفاف ۱۲ اگست ... ڈان)۔() افغانستان میں پاکستانی جارحیت روسی جارحیت سے مختلف نہیں ۔ صادق خان Sadiq Khan @clr.com (۱۷ اگست ... فرنٹیئر پوسٹ)۔() طالبان پورے علاقے کیلئے خطرہ ہیں ۔ پاکستان میں سیکولر قوتوں کو ان سے سنگین خطرہ لاحق ہے ۔ آئی اے رحمن (۱۷ اگست ، اویس توحید فرنٹیئر پوسٹ)۔

() اگر طالبان نے افغانستان پر کنٹرول کرلیا تو پاکستان کیلئے سنگین مسائل پیدا ہوجائینگے ۔ ایم بی نقوی (۱۷ اگست ، اویس توحید ، فرنٹیئر پوسٹ)۔() پاکستان وسط ایشیاء کی ریاستوں میں طالبان کیوجہ سے بدنام ہورہا ہے ۔ اسے طالبان کے گناہوں کی سزامل رہی ہے ۔ ایمل خان (۱۴ اگست فرنٹیئر پوسٹ)

() ایمنسٹی انٹرنیشنل کا الزام طالبان شمالی افغانستان میں قتل عام کررہے ہیں ۔ (۱۹ اگست ... ڈان)

() طالبان کی فتح پاکستانی فوجیوں اور پائلٹوں نے اہم کردار ادا کیا ہے ۔ نسیم زہرہ (۲۰ اگست .. دی نیوز)۔() پاکستان طالبان کا جہنم بھومی ہے ۔ حکومت کے طرف سے جہادی تنظیموں کی حوصلہ افزائی ملک کو دنیا میں یک وتنہا کردے گی ۔ عزیزالدین (۲۰ اگست ... دی نیشن) () امریکہ غلط ہے یا صحیح بس وہ اسامہ بن لادن کو تنزانیہ اور کینیا میں بمباری کا ذمہ دار قرار دیتا ہے اور پاکستان کے طالبان سے قریبی تعلقات ہیں اوراسامہ طالبان کامہمان ہے ۔ اداریہ ۔(۲۰ اگست ڈان) () طالبان کی پالیسیوں کے باعث صرف ہرات میں تین ہزار خواتین بے روزگار ہوگئیں ۔ صرف کابل میں تین ہزار ملازمت پیشہ بیواؤں کا مستقبل تاریک ہوجائے گا ۔ طالبان ہسپتال جانے والی خواتین کو سڑکوں پر مارتے ہیں ۔ برقع کی پابندی نے خواتین کو اردگرد کی ٹریفک دیکھنے سے محروم کردیا ہے ۔ حادثات میں کئی خواتین جاں بحق ہوچکی ہیں ۔ امریکی محکمہ خارجہ کی رپورٹ (۱۷ اگست ... دی نیشن) () طالبان کی حالیہ فتوحات سے نئے محاذ کھلیں گے ۔ غیر ملکی مداخلت کا امکان ہے ۔ پرامن متحدہ افغانستان کا خواب بکھرجائے گا ۔ ہارون صدیقی (۱۹ اگست ... فرنٹیئر پوسٹ)۔ () افغانستان کی صورتحال نے علاقے کے تمام ممالک کو پریشان کردیا ہے ۔ بھارتی مؤقف اے ایف پی (۲۰ اگست ... فرنٹیئر پوسٹ)۔

() امریکہ کی مدد سے طالبان فورس تشکیل دی گئی ۔ سعودی عرب کے سرمایہ اور پاکستان کی فوجی ومادی امداد نے طالبان کو موجودہ برتری دلائی ۔ جاوید نذیر (۲۰ اگست ... فرنٹیئر پوسٹ)۔

تفسیر فی ظلال القرآن

ترجمہ : سید معروف شاہ شیرازی

جلد اول تا ششم مکمل سیٹ

ھدیہ : -/2125 روپے

آج ہی اپنے قریبی بک سنٹر سے طلب فرمائیں۔

سائز 23x33/8 کاغذ فلائنگ 55 گرام کل صفحات 7000

اسلامی شریعت کے بنیادی معاشی تصورات

سیرت القرآن

نشانات راہ

ادارہ منشورات اسلامی

قومی خدمت ایک عبادت ہے

اور

سروس انڈسٹریز اپنی صنعتی پیداوار کے ذریعے

سال ہا سال سے اس خدمت میں مصروف ہے

Servis

قدم قدم حسین قدم قدم آرام